بسم اللہ الرحمن الرحیم

کتے کا جسم گیلا ہو، تو اس کا حکم

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

سوال

کیا گیلا کتا ناپاک ہے؟

جواب

کتے کے جسم پر اگر کوئی نجاست نہ ہو، تو فقط گیلا ہونے سے اس کا جسم ناپاک نہیں ہوتا۔ ہاں! اگر اس کے جسم پر نجاست ہو، تو اب گیلا ہونے سے اس کا جسم ناپاک ہوجائے گا۔ فتاوی رضویہ میں ہے "(کتا) پانی میں بھیگا ہُوا چٹائی پر لیٹے یا بدن جھاڑے اور اس کی چھینٹوں سے کپڑا وغیرہ تر ہوجائے ناپاک نہ ہوگا جب تک بدن پر نجاست نہ ہو۔" (فتاوی رضویہ، ج 04، ص 452، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

بہار شریعت میں ہے "کتا بدن یا کپڑے سے چھو جائے، تو اگرچہ اس کا جسم تر ہو، بدن اور کپڑا پاک ہے، ہاں اگر اس کے بدن پر نجاست لگی ہو تو اور بات ہے یا اس کا لُعاب لگے تو ناپاک کر دے گا۔" (بہار شریعت، ج 01، حصہ 2، ص 395، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللّٰہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا محمد آصف عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-5085

تاریخ اجراء: 22 ذوالحجۃ الحرام 1447ھ/08 جون 2026ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net